2024-12-25

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی، آج مدھیہ پردیش میں دریاؤں کو باہم مربوط کرنے کے، ملک کے پہلے Ken-Betwa پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

2- ملک آج سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے 100 ویں یومِ پیدائش کو اچھی حکمرانی کے دن کے طور پر منا رہا ہے۔

3- امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ 10 ہزار سے زیادہ PACS ڈیری اور ماہی پروری کی امدادِ باہمی کی سوسائٹیز کو ملک کے نام وقف کریں گے۔

4- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پانچ ریاستوں کے گورنروں کا تقرر کیا ہے۔

5- آج پوری دنیا میں حضرت عیسیٰ کا یومِ پیدائش کرسمس منایا جا رہا ہے۔

6- اور قومی نشانے بازی چیمپئن شپ میں، خواتین کے Skeet مقابلے میں، پنجاب کی غنیمت سیکھوں نے، لگاتار دوسری بار قومی خطاب جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Madhya Pradesh

سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے 100 ویں یومِ پیدائش کے موقع پر، آج وزیر اعظم نریندر مودی مدھیہ پردیش کا دورہ کریں گے، جہاں وہ کھجوراہو میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

جناب مودی Ken - Betwa دریا سے متعلق قومی پروجیکٹ کا بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے، جو قومی تناظر میں تیار کیے گئے منصوبے کے تحت، دریاؤں کو باہم مربوط کرنے کا، ملک کا پہلا پروجیکٹ ہے۔ اِس پروجیکٹ سے مدھیہ پردیش اور اترپردیش کے مختلف ضلعوں میں سینچائی سہولیات فراہم ہوں گی، جن سے لاکھوں کسان کنبوں کو فائدہ ہوگا۔ اِس پروجیکٹ سے خطّے کے لوگوں کو پینے کی پانی کی سہولیات بھی فراہم ہوں گی۔

وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے 100 ویں یومِ پیدائش کے موقع پر ایک یادگاری ٹکٹ اور سکہ بھی جاری کریں گے۔

وہ ایک ہزار 153 اٹل گرام سُشاسن عمارتوں کا بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ یہ عمارتیں گرام پنچایتوں کے کام کاج اور ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں اہم رول ادا کریں گی، جس کے ذریعے مقامی سطح پر، اچھی حکمرانی کی جا سکے گی۔ ×

مدھیہ پردیش کے گورنر منگو بھائی پٹیل، وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو اور جل شکتی کے مرکزی وزیر سی-آر پٹیل بھی اِس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

V/C Sanjeev

وزیر اعظم نریندر مودی آج دوپہر تقریباً 12 بجے کھجوراہو پہنچیں گے۔ مدھیہ پردیش اور اترپردیش کے وزراء اعلیٰ اور جل شکتی کے مرکزی وزیر کے مابین 22 مارچ 2021 کو ایک سہ فریقی مفاہمت نامے پر، وزیر اعظم نریندر مودی کی موجودگی میں دستخط کیے گئے تھے۔ یہ مفاہمت نامہ ملک کے پہلے Ken-Betwa لِنک قومی پروجیکٹ پر عمل درآمد کے لیے کیا گیا تھا۔ اِس پروجیکٹ کی لاگت 44 ہزار 605کروڑ روپے ہے۔ اِس پروجیکٹ پر آنے والی 90 فیصد لاگت مرکزی حکومت اور 10 فیصد لاگت متعلقہ ریاستی سرکاریں برداشت کریں گی۔ اِس پروجیکٹ سے 103 میگاواٹ پَن بجلی اور 27 میگاواٹ شمسی بجلی تیار کی جا سکے گی اور اہم ترین بات یہ ہے کہ اِس پروجیکٹ سے خشک سالی سے دوچار بُندیل کھنڈ خطے میں زیر زمین پانی کی سطح میں بہتری آئے گی، جس کی وجہ سے صنعت کاری، سرمایہ کاری اور سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا، نیز روزگار کے موقعے فراہم ہوں گے۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

Atal Bihari Vajpayee Birth Centenary

آج سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کا 100 یومِ پیدائش ہے۔ اِس دن کو اچھی حکمرانی کے دن کے طور پر بھی منایا جاتا ہے۔ آج قومی راجدھانی میں جناب واجپئی کی سمادھی 'سَدَیو اٹل' پر اُنہیںخراجِ عقیدت پیش کیا جائے گا۔

اُن کی زندگی کے سفر ایک رپورٹ

V/C Anupam

آنجہانی اٹل بہاری واجپئی 25 دسمبر 1924 کو گوالیار میں پیدا ہوئے تھے۔ وہ ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔ وہ ایک زبردست مقرر، مصنف اور شاعر تھے۔ وہ بے لوث سماجی خدمات گار اور صحافی بھی تھے، اور اِن سب سے بڑھ کر وہ رہنماؤں کے رہنما تھے۔ وہ تین بار ملک کے وزیر اعظم رہے۔ انہوں نے ترقی پسندانہ اقتصادی پالیسز اختیار کیں، بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ بڑے پیمانے پر شروع کیے اور دیہی علاقوں میں قومی شاہراہوں اور سڑکوں کو ترقی دی۔ اُن کی دانشمندانہ پالیسیوں میں، آزاد بھارت کی تاریخ میں لگاتار ترقی کے سب سے طویل عرصے کا آغاز ہوا۔ اُن کی قیادت میں ہی بھارت نے 1998 میں پوکھرن-دوئم نیوکلیائی تجربات کیے اور ایک نیوکلیائی ملک کے طور پر اپنی پوزیشن کو مستحکم کیا۔ وہ چار دہائیوں تک پارلیمنٹ ممبر رہے۔

وزیر خارجہ کے طور پر اٹل بہاری واجپئی ایسی پہلی شخصیت تھے، جنہوں 1977 میں اقوام متحدہ میں ہندی میں تقریر کی تھی۔ اُنہیں 2015 میں، بھارت کے اعلیٰ ترین سول اعزاز بھارت رتن سے نوازا گیا تھا۔ BJP کی اِس قدآور شخصیت نے 16 اگست 2018 کو آخری سانس لیا تھا اور اپنی اقدار اور روایات کو ملک کے عوام کے لیے نقش راہ کے طور پر چھوڑا تھا۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

PM Atal Article

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی ایک قدآور دانشور کے طور پر، بے شمار لوگوں کو تحریک بخشتے رہے ہیں۔ جناب مودی نے، آنجہانی اٹل بہاری واجپئی کے 100 ویں یومِ پیدائش کے موقع پر اُنہیںخراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک، اٹل جی کو بھارت کے ایک یکسر تبدیلی والے ملک کے طور پر 21 ویں صدی میں داخل ہونے کے معمار کے طور پر ہمیشہ اظہار تشکر کرتا رہے گا۔

وزیر اعظم نے مختلف اخباروں میں شائع اپنے ایک مضمون میں کہا کہ جناب واجپئی کا تعلق معمولی گھرانے سے تھا اور انہوں نے ایک عام آدمی کی طرح جدوجہد کی، نیز انہوں نے مؤثر حکمرانی کو ایک طاقت بخشی۔

وزیر اعظم نے کہا کہ اٹل بہاری واجپئی نے پہلی بار عام شہریوں تک ٹیکنالوجی پہنچانے کی سنجیدہ کوشش کی۔ انہوں نے گولڈن Quadriletral پروجیکٹ اور پردھان منتری گرام سڑک یوجنا پر بھی عمل درآمد کیا۔ انہوں نے میٹرو کنیکٹی وٹی کو بھی فروغ دیا۔ جناب مودی نے، اٹل بہاری واجپئی کو نہ صرف معاشی ترقی کو فروغ دینے بلکہ دور دور خطّوں کو قریب لانے کا بھی سہرا دیا، جس سے اتحاد اور سا لمیت کو تقویت ملی۔

وزیر اعظم نے کہا کہ 11 مئی 1998 کو بھارت نے پوکھرن تجربات کیے، جسے آپریشن شکتی کے نام سے جانا جاتا ہے، جس کی وجہ سے بھارت کی سائنسی برادری میں اُس کی مہارت ایک مثال بنی۔×

Shah Agriculture Cooperative

امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ، امدادِ باہمی کی 10 ہزار سے زیادہ ابتدائی کثیر مقصدی زرعی سوسائٹیز PACS کو، آج نئیدلّی میں ملک کے نام وقف کریں گے۔ ڈیری اور ماہی پروری سے متعلق امدادِ باہمی کی یہ سوسائٹیز، حال ہی قائم کی

گئی ہیں۔ جناب شاہ، امدادِ باہمی اداروں کی ایک قومی کانفرنس میں، اِن نو تشکیل شدہ سوسائٹیز کو رجسٹریشن سرٹیفکیٹس، روپے کسان کریڈٹ کارڈز اور مائکرو ATMs بھی تقسیم کریں گے۔

یہ مالی دستاویزات، پنچایتوں میں آسانی سے قرضہ فراہم کرنے اور مالی خدمات میں سب کی شمولیت کو فروغ دینے کے مقصد سے تیار کی گئی ہیں۔ اِن دستاویزات سے، دیہی آبادی کو مختلف اسکیموں سے فائدہ ہوگا اور عوام، ملک کی اقتصادی ترقی میں شرکت کر سکیں گے۔

اِن سوسائٹیز کے ذریعے دیہی آبادیوں کو نہ صرف مالی خدمات فراہم ہوں گی، بلکہ یہ سوسائٹیز اُن کے لیے ایک ایسے پلیٹ فارم کا کام بھی انجام دیں گی، جہاں وہ ایک دوسرے کے اشتراک سے اپنی سرگرمیاں انجام دے سکیں گی۔

جناب امت شاہ نے، وزیر اعظم نریندر مودی کے ’سہکار سے سَمردھی‘ کے ویژن کو پورا کرنے کے لیے، ملک بھر میں اگلے پانچ سال کے دوران، ہر پنچایت میں امدادِ باہمی کا ایک ادارہ قائم کرنے کا مقصد طے کیا ہے۔ اِس کانفرنس میں، امدادِ باہمی کی اِن نو تشکیل شدہ سوسائٹیز کی، کام کاج کی صلاحیتوں کو فروغ دینے سے متعلق حکمتِ عملی پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔×

Prez Governors

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، پانچ ریاستوں میں گورنرس مقرر کیے ہیں۔

میزورم کے گورنر ڈاکٹر ہری بابو کمبھم پتی، اب اُڈیشہ کے گورنر ہوں گے۔ یہ قدم اُڈیشہ کے گورنر رگھوبر داس کے استعفے کے بعد اُٹھایا گیا ہے۔

سابق مرکزی وزیر جنرل وجے کمار سنگھ کو، میزورم کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔

بہار کے گورنر راجیندر وشوناتھ ارلیکر کو، کیرالہ کا، اور سابق داخلہ سیکریٹری اجے کمار بھلا کو، منی پور کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔×

NHAI Animal Shelters

بھارت کی قومی شاہراہوں کی اتھارٹی NHAI نے، سڑک پر حفاظت کے لیے اور مویشیوں سے متعلق حادثات سے بچنے کے لیے، ایک آزمائشی پروجیکٹ شروع کیا ہے، جس کے تحت آوارہ مویشیوں کے لیے قومی شاہراہوں پر، شیلٹرس قائم کیے جائیں گے۔

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس قدم کا مقصد، قومی شاہراہوں پر آوارہ مویشیوں کی دیکھ بھال اور بندوبست کے ساتھ ساتھ، روزانہ آمدورفت کرنے والے لوگوں کو، محفوظ تر سفر کی سہولت فراہم کرنا ہے۔

آزمائشی طور پر 2 اعشاریہ دو نو ہیکٹیئرس تک کا رقبہ، اِس طرح قائم کیا جائے گا کہ اِن آوارہ مویشیوں کو محفوظ جگہیں فراہم ہوں اور یہ مویشی قومی شاہراہوں پر نہ گھومیں۔×

Congress Delhi Second List

کانگریس پارٹی آج آئندہ دلی اسمبلی انتخابات کے لیے 26 امیدواروں کی اپنی دوسری فہرست جاری کرے گی۔ پارٹی نے شکور بستی اسمبلی حلقے سے ستیش لوتھرا کو، راجوری گارڈن سیٹ سے دھرم پال چندیلا کو، جنگ پورہ سے فرہاد سوری کو، سیما پوری سے راجیش Lilothia کو اور راجیندر نگر اسمبلی حلقے سے ونیت یادو کو میدان میں اتارا ہے۔x

ISRO Spadez Mission

بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم اسرو، اس سال کا اختتام اپنے ایک بڑے کارنامے SPADEX مشن کے ساتھ کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ اِس مشن کے تحت دو چھوٹے سیارچے سری ہری کوٹہ میں، پہلے لانچ پیڈ سے 30 دسمبر کو رات 9 بجکر58 منٹ پر خلا میں بھیجے جائیں گے، جنہیں PSLV-C60 لے کر جائے گا۔ اِن میں سے ہر ایک سیارچے کا وزن 220 کلو گرام ہے اور یہ 470 کلو میٹر کے مدار میں پہنچائے جائیں گے۔

اسرو کے مطابق SPADEX مشن، کم خرچ ٹیکنالوجی سے آراستہ ہے۔ یہ ٹیکنالوجی بھارت کی ’چاند پر بھارتی افراد‘، ’چاند سے نمونے کی واپسی‘، ’بھارتیہ انترکش اسٹیشن کی تعمیر اور کارکردگی‘ جیسے مشن کے لیے لازمی ہے۔

اِس مشن کے ذریعے بھارت، خلا میں Docking ٹیکنالوجی کا حامل دنیا میں چوتھا ملک بن جائے گا۔ ×

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Christmas

آج پوری دنیا میں کرسمس منایا جا رہاہے۔ پوری دنیا کے عیسائی افراد عیسیٰ مسیح کے یومِ پیدائش کو منانے کے لیے کرسمس مناتے ہیں۔ اِس موقع پر لوگ اپنے گھروں کو کرسمس کے درخت، روشنیوں، چمکدار ستاروں اور پھولوں سے سجاتے ہیں اور تحائف کا لین دین کرتے ہیں۔ مختلف گرجا گھروں میں کرسمس کی خصوصی تقریبات اور خدمات کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

اِس دوران پوپ فرانسز نے 2025 کے مقدس سال کی شروعات کی۔ جس کے بارے میں ایسی توقع کی جار ہی ہے کہ 32 لاکھ زائرین روم پہنچیں گے۔ انھوں نے اپنی وہیل چیئر سے دروازے کو کئی بار کھٹکھٹایا اور سینٹ پیٹر بیسیلِکا کے مقدس دروازے کھول کر اِس کا آغاز کیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے کرسمس کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے-x

Christamas Nagaland

جیسا کہ آج پوری دنیا میں کرسمس کا دن منایا جا رہا ہے۔ ناگالینڈ بھی ہر تہوار، مذہبی عقیدت اور جوش و جذبے کے ساتھ منا رہا ہے۔ شہر اور گاؤں روشنیوں سے جگمگا رہے ہیں اور عیسیٰ مسیح کی پیدائش پر گھروں کو سجایا گیا ہے۔

ناگالینڈ کے گورنر لاگنیشن اور وزیر اعلیٰ Neiphiu Rio نے لوگوں کو کرسمس کی مبارکباد پیش کی ہے اور سبھی کے لیے امن، مسرت اور خوشحالی کی دعا کی ہے۔×

Stock Markets Christams

بھارت کے اسٹاک ایکسچینجز، بامبے اسٹاک ایکسچینج اور نیشنل اسٹاک ایکسچینج میں آج کرسمس کی وجہ سے، کاروبار بند رہے گا۔

برطانیہ، امریکہ اور یوروپ سمیت دنیا کی زیادہ تر مارکٹس بھی آج کرسمس کی وجہ سے بند رہیں گی۔×

Kerala Christmas

کیرالہ میں، مکمل طور پر فیسٹیول کا ماحول ہے کیونکہ یہاں خوشی کے ساتھ کرسمس منایا جاتا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس ریاست میں اِس تہوار سے وابستہ مقامی رسم و رواج بہت زیادہ ہیں۔

ایک رپورٹ

V/C Mayusa

ریاست میں تمام سڑکیں اور گھر، چمکتے ستاروں اور روشنیوں سے سجے ہوئے ہیں اور فضا میں کرسمس Carol کی موسیقی گونج رہی ہے۔ کیونکہ ریاست میں روایتی شان و شوکت کے ساتھ کرسمس منایا جاتا ہے۔ کرسمس کے موقع پر بڑے پیمانے پر خصوصی دعائیہ جلسوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ریاست بھر کے مختلف گرجا گھروں میں Thirupiravi تقریبات میں ہزاروں عقیدتمندوں نے شرکت کی۔

کیرالہ میں کرسمس کی تقریبات میں ملکِ شام اور مغربی انداز کے ساتھ ساتھ اپنے مقامی ثقافتی عناصر کو بھی شامل کیا جاتا ہے۔ یہ دن ایک ساتھ مل کر رہنے کا دن ہے، کیونکہ سبھی فرقے کے لوگ ایک ساتھ اکٹھا ہوتے ہیں اور کیکس اور تحائف کا لین دین کرتے ہیں۔ یہ کرسمس تقریبات خصوصی میلوں اور فیسٹیولس کے ساتھ ریاست بھر میں نئے سال کی آمد تک جاری رہیں گی-x

تھرو اننتا پورم سے میوشا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...............

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیاتIMD نے ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت،،بلتستان اور مظفر آباد کے کئی حصوں میں آج سخت سردی کی پیشگوئی کی ہے۔

دلی، راجستھان، اترپردیش، بہار، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں بھی آج رات اور صبح کے وقت میں گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات کے دفتر نے آج ساحلی آندھرا پردیش، یانم، رایل سیما اور پڈوچیری میں بجلی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق اگلے پانچ روز کے دوران وسطی، اور مشرقی بھارت میں کم سے کم درجۂ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوگی۔ اگلے دو روز کے دوران ملک کے شمال مغربی خطے میں کم سے کم درجۂ حرارت میں دو ڈگری سیلسیس تک کی کمی آ سکتی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے آئندہ دو روز کے دوران مغربی بھارت میں کم سے کم درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کا بتدریج اضافہ ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے-x

Weather Himachal Pradesh

ہماچل پردیش کے بلند و بالا مقامات پر برفباری اور بارش ہوئی ہے اور پوری ریاست شدید سردی کی گرفت میں ہے۔ حالانکہ تازہ برفباری سے سیاح اور باغبان خوش ہوگئے ہیں لیکن ساتھ ہی معمول کی زندگی میں رخنہ پڑا ہے۔

ایک رپورٹ

V/C Ritesh

پچھلے دو روز کے دوران ریاست کے بلند و بالا مقامات پر برفباری ہونے سے تین قومی شاہراہوں سمیت سینکڑوں سڑکیں بند ہوگئی ہیں اور کئی مقامات پر بجلی کی سپلائی میں رخنہ پڑا ہے۔ کنور ضلعے کے Malling Nala میں جو سیاح پھنس کر رہے گئے تھے انھیں Chango اور Pooh میں بحفاظت محفوظ جگہ پر پہنچا دیا گیا ہے۔

اِس‌دوران کُلّو ضلعے کے Solang نالہ، اٹل ٹنل، دھنڈھی اور Kothi جیسے علاقوں میں شدید برفباری سے روزمرہ کی زندگی کافی متاثر ہوئی ہے۔ منالی میں اٹل ٹنل اور Solang Nala کے درمیان پھنسے ہوئے سیاحوں کو منالی واپس بھیج دیا گیا ہے۔ برف ہٹانے کا کام جنگی پیمانے پر جاری ہے اور سیاحوں اور مقامی افراد کو احتیاط برتنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

شملہ سے رتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.....

Delhi Pollution

قومی راجدھانی دلی میں ہوا کی کوالٹی نہایت خراب زمرے میں ہے۔ آج صبح سات بجے ہوا کی کوالٹی سے متعلق اوسط اشاریہ AQI، 333 رہا۔ آلودگی پر قابو پانے کے مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ علاقوں میں AQI کی سطح 350 سے تجاوز کر گئی ہے۔ دلی کے منڈکا اسٹیشن میں AQI، 392، نہرو نگر میں 372، بوانا میں 360، پنجابی باغ میں 372، وزیر پور میں 384 اور اشوک وہار میں 372 درج کیا گیا۔

بھارت کے محکمہ موسمیات نے دلی اور اس سے متصل NCR علاقوں میں اگلے دو روز کے دوران رات اور صبح کے وقت میں دھند، گھنے سے ہلکا کہرہ چھائے رہنے کے امکان کی پیشگوئی کی ہے-x

CAQM NCR

ہوا کی کوالٹی کے بندوبست سے متعلق کمیشن CAQM کی ذیلی کمیٹی نے پورے راجدھانی خطے میں Graded Response Action Plan (Grap) کے اسٹیج کے چوتھے مرحلے کو فوری طور پر ختم کردیا ہے۔ البتہ GRAP کے پہلے، دوسرے اور تیسرے مرحلے کے تحت سبھی کارروائیاں جاری رہیں گی اور NCR کے پورے خطے میں سبھی متعلقہ ایجنسیوں کے ذریعے اس کا نفاذ کیا جائے گا، نگرانی کی جائے گی اور جائزہ کیا جائے گا، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے تاکہ AQI کی سطح خراب سے نہایت خراب کے زمرے میں نہ جائے-x

Shooting National Championship

دلی میں 67 ویں نیشنل شوٹنگ چیمپئن شپ میں پنجاب کی Ganemet Sekhonنے لگاتار دوسری مرتبہ خواتین کے اسکیٹ مقابلہ کا خطاب جیت لیا ہے۔

خواتین کے انفرادی فائنل مقابلے میں انھوں نے60 میں سے 50 نشانے لگائے اور سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ انھوں نے اپنی ہی ریاست کی کھلاڑی Asees Chhina کو ہرایا، جو صرف 46 نشانے لگا سکیں اور چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ اولمپین رضیہ Dhillon نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

یہ Sekhon کا دوسرا سونے کا تمغہ ہے۔ انھوں نے اس سے پہلے خواتین ٹیم کے مقابلے میں اپنی ساتھی پریناز دھالیوال اور جیسمین کور کے ساتھ پہلا سونے کا تمغہ جیتا تھا۔

مردوں کے اسکیٹ مقابلے میں Bhavtegh SIngh Gill نے فائنل میں 54 نشانے لگاکر اپنا پہلا قومی خطاب جیتا اور سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ فتح بیر سنگھ شیر گل نے 51 نشانے لگائے اور چاندی کا تمغہ جیتا جبکہ اترپردیش کے اولمپئن معراج احمد خان پہلے پچاس نشانوں میں صرف 43 لگا سکے اور انھوں نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

اسکیٹ کے جونئر کے فائنل میں ہرینہ کے ایشان سنگھ Libra نے بے حد دلچسپ مقابلے میں بھاؤ تیگ سنگھ گِل کو چھ پانچ سے ہراکر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

خواتین کے اسکیٹ کے جونئر زمرے میں ہریانہ کی رضیہ Dhillon نے 53 نشانے لگائے اور مدھیہ پردیش کی ونشِکا تیواری کو ہراکر سونے کا تمغہ جیتا جبکہ راجستھان کی یشسوی راٹھور نے کانسے کا تمغہ اپنے نام کیا۔x

Women's Cricket Result

خواتین کرکٹ میں، کل شام وڈودرا کے Kotambi اسٹیڈیم میں دوسرا بین الاقوامی ایک روزہ میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 115 رن سے ہرا دیا ہے۔ اس جیت کے ساتھ بھارت نے تین میچ کی سیریز کو دو صفر سے جیت لیا ہے۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 50 اوورس میں پانچ وکٹ کے نقصان پر 358 رن بنائے۔ بھارت کی جانب سے ہرلین Deol نے اپنی پہلی سنچری بنائی اور 103 گیند پر 115 رن بنائے جبکہ اسمرتی مندھانا، پرتِکا راول اور Jamimah Rodrigues نے نصف سنچری بنائی۔

جواب میں ویسٹ انڈیز کی پوری ٹیم 46.2 اوورس میں 243 رن ہی بنا سکی۔ بھارت کی پریا مشرا نے تین اور دیپتی شرما، پرینکا راول اور Titas Sadhu نے دو-دو وکٹ حاصل کیے۔ ہرلین دیوَل کو میچ کا بہترین کھلاڑی چنا گیا۔

پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 211 رن سے ہرایا تھا۔

سیریز کا تیسرا اور آخری میچ جمعے کے دن کھیلا جائے گا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: توحید حقانی

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ملاپ اور دیگر کئی اخباروں کی سرخی ہے کہ آج اٹل بہاری واجپئی کی 100 ویں جینتی پر وزیراعظم مودی ڈاکٹ ٹکٹ اور سکہ جاری کریں گے۔ اس سلسلے میں روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ اٹل جی کے نظریات ملک کے لیے تحریک کا باعث ہیں۔

بھارت سری لنکا میں تعلیم، صحت اور زراعت سے متعلق 33 ترقیاتی منصوبوں کے لیے سری لنکا کو امداد فراہم کرے گا۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی ایک خبر ہے کہ وزیراعظم مودی نے بجٹ سے پہلے نامور ماہرین اقتصادیات اور مفکرین سے بات چیت کی۔

روزنامہ ملاپ، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے وزیر داخلہ امت شاہ کی تین نئے فوجداری قوانین سے متعلق جائزہ میٹنگ کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔ وزیر داخلہ نے نیشنل کرائم ریکارڈ بیورو سے کہا کہ وہ نئے فوجداری نظام کے مکمل نفاذ میں سہولت فراہم کرے۔

روزنامہ ملاپ کی ایک خبر کے مطابق نکسلیوں کے ساتھ جھڑپ میں کوبرا کمانڈو یونٹ کے دو جوان زخمی۔

ہماچل پردیش میں برفباری سے تین قومی شاہراہیں بند۔ 300 بسوں سمیت ایک ہزار سے زیادہ گاڑیوں میں ہزاروں لوگ سڑکوں پر پھنسے۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے صفحہئ اول پر پیش کیا ہے، ساتھ ہی دلی NCR میں پورے ہفتے ہلکی بارش کا امکان ظاہر کرتے ہوئے محکمہئ موسمیات کی جانب سے کہرے کے تعلق سے یلو الرٹ جاری کیے جانے کی خبر کو بھی پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی، آج مدھیہ پردیش میں دریاؤں کو باہم مربوط کرنے کے، ملک کے پہلے Ken-Betwa پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

2- ملک آج سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے 100 ویں یومِ پیدائش کو اچھی حکمرانی کے دن کے طور پر منا رہا ہے۔

3- امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ 10 ہزار سے زیادہ PACS ڈیری اور ماہی پروری کی امدادِ باہمی کی سوسائٹیز کو ملک کے نام وقف کریں گے۔

4- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پانچ ریاستوں کے گورنروں کا تقرر کیا ہے۔

5- آج پوری دنیا میں حضرت عیسیٰ کا یومِ پیدائش کرسمس منایا جا رہا ہے۔

6- اور قومی نشانے بازی چیمپئن شپ میں، خواتین کے Skeet مقابلے میں، پنجاب کی غنیمت سیکھوں نے، لگاتار دوسری بار قومی خطاب جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------